16-09-2024 Monday URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ کابینی سب کمیٹی نے نئے راشن کارڈس کے لئے آئندہ ماہ اکتوبر سے درخواستیں وصول کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

۲۔وزیراعظم نریندر مودی نے آج شام ناگپور۔سکندرآباد وندے بھارت اکسپریس ٹرین کو جھنڈی دکھائی۔

۳۔حیدرآباد کے یوم آزادی کے ضمن میں کل منائی جانے والی تقاریب کے لئے تمام تر انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔

اور

۴۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وصلعم کے یوم پیدائش کے موقع پر مسلمانوں نے آج میلاد النبیؐ کا اہتمام کیا جبکہ کل حیدرآباد میں گنیش وسرجن جلوس کے لئے تمام انتظامات کر لئے گئے ہیں۔

☆☆☆

سابق شاہی ریاست حیدرآباد کو متحدہ ہندوستان میں ضم کئے جانے کی یاد میں کل منگل کو منائی جانے والی تقاریب کے لئے تمام تر انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔مرکزی حکومت کی جانب سے 17 ستمبر کو سرکاری طور پر حیدرآباد کے یوم آزادی کے طور پر منایا جارہا ہے جبکہ ریاستی حکومت اسے تلنگانہ عوام کی حکمرانی کے دن کے طور پر منارہی ہے۔واضح رہے کہ 17 ستمبر سن 1948 میں نظام کی حکمرانی والی ریاست حیدرآباد کو انڈین یونین میں ضم کیا گیا تھا۔کوئلہ کے مرکزی وزیر کشن ریڈی، سکندرآباد کے پریڈ گراؤنڈس پر قومی پرچم لہرائیں گے جبکہ اس موقع پر تمام مرکزی دستے پریڈ کریں گے اور علاقہ کے ثقافت پر مبنی کلچرل پروگرام بھی منعقد ہوگا۔مرکزی وزارت داخلہ اور ثقافتی وزارتوں کی جانب سے اس پروگرام کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ریاستی وزیراعلیٰ ریونت ریڈی، کل صبح حیدرآباد کے باغ عامہ میں منعقد ہونے والے سرکاری پروگرام 'پراجا پالانا دیوستھانم' میں قومی پرچم لہرائیں گے۔اس موقع پر تمام سرکاری دفاتر اور مقامی اداروں میں بھی ترنگا لہرایا جائے گا۔وزراء اور دیگر سرکردہ شخصیتیں، ریاست بھر میں ضلع ہیڈ کوارٹرس میں پرچم کشائی کریں گے۔اسمبلی اسپیکر اور قانون ساز کونسل کے صدرنشین کے علاوہ ریاستی کابینی وزراء بھی مختلف مقامات پر پرچم لہرائیں گے۔

☆☆☆

بی آر ایس پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی راماراؤ نے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر تلنگانہ ریاستی سکریٹریٹ کے احاطہ میں تلنگانہ تلی مجسمہ کے لئے مختص مقام پر آنجہانی وزیراعظم راجیو گاندھی کا مجسمہ نصب کئے جانے پر کانگریس حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔کے ٹی آر نے کانگریس پر الزام لگایا کہ وہ تلنگانہ کی شناخت اور تاریخ کو توہین کررہی ہے۔انہوں نے اس عمل کو ریاستی عوام اور علیحدہ ریاست کے لئے کی گئی عوامی جدوجہد کی توہین قرار دیا۔تلنگانہ تلی مجسمہ کو جسے ریاست کے 4 کروڑ عوام کی امنگوں کی نشانی سمجھا جاتا ہے، بنیادی طور پر شہیدوں کی یادگار امراجیوتی اور سکریٹریٹ کے احاطہ میں نصب کیا جانے والا تھا تاہم راماراؤ نے کہا کہ کانگریس نے جو خودغرضانہ سیاست کے لئے جانی جاتی ہے، سکریٹریٹ میں راجیو گاندھی کا مجسمہ نصب کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔کے ٹی آر نے مزید کہا کہ کانگریس نے راہول گاندھی کے والد کے مجسمہ کی تنصیب کے ذریعہ تلنگانہ عوام کی عزت نفس کی توہین کی ہے۔

☆☆☆

جواہر نودیا ودیالیہ، ورنگل میں تعلیمی سال برائے 26 -2025 کے تحت چھٹی جماعت میں داخلہ کے لئے سلکشن ٹسٹ میں حصہ لینے کی تاریخ میں اس ماہ کی 23 تاریخ میں توسیع کی گئی ہے۔پرنسپال راجندر نے یہ بات بتائی۔انہوں نے خواہش کی ہے کہ متحدہ ضلع میدک کے سرکاری یا مسلمہ خانگی اسکولوں میں پانچویں جماعت میں زیرتعلیم طلبہ درخواست دے سکتے ہیں۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندرمودی نے آج شام ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ ناگپور ریلوے اسٹیشن سے ناگپور۔سکندرآباد وندے بھارت ایکسپریس کوجھنڈی دکھائی۔اِس ٹرین کی باقاعدہ خدمات سکندرآباد سے جمعرات کوشروع ہوگی۔یہ ٹرین، ناگپوراورسکندرآباد کے درمیان 585 کلومیٹر کا احاطہ کرے گی اورسات گھنٹے پندرہ منٹ میں سفرطئے کرے گی۔یہ ٹرین دوا یگزیکیٹیوکلاس کوچس اور 18 چیر کارکوچس پر مشتمل ہے، جبکہ نشستوں کی مکمل گنجائش 1440 ہے۔یہ ٹرین ناگپور سے نکل کر بلہارشاہ سے ہوتی ہوئی سکندرآباد پہنچے گی۔اسی طرح ٹرین نمبر 20101 ناگپور۔سکندرآباد، ناگپور سے پانچ بجے صبح روانہ ہوگی اور دوپہر بارہ بجکر پندرہ منٹ پرسکندرآباد پہنچے گی۔ٹرین نمبر 20102 سکندرآباد۔ناگپوروندے بھارت اکسپریس سکندرآباد سے دوپہرایک بجے روانہ ہوگی اوراسی دن شام آٹھ بجکر بیس منٹ پرناگپور پہنچے گی۔اِس دوران یہ ٹرین سیواگرام، چندراپور، بلہارشاہ، راما گنڈم اور قاضی پیٹ اسٹیشنوں پرتوقف کرے گی۔

☆☆☆

مملکتی وزیر برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار نے ریاستی حکومت پرتنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ تلنگانہ عوامی حکمرانی کا دن منارہی ہے۔انہوں نے کریم نگر میں کہا کہ حکومت نے ان لوگوں کی قربانیوں کونظرانداز کردیا ہے جنہوں نے نظام کے خلاف مقابلہ کیا۔بنڈی نے کہا کہ یوم آزادی، تلنگانہ کےعوام کے لئے ایک تہوار کا دن ہےاور یہ دن ان مجاہدین آزادی کو یاد کرنے کا ہے جنہوں نے نظام کی ظالمانہ حکمرانی کے خلاف جدوجہد کی۔سنجے نے عوام پرزوردیا کہ کل وزیراعظم نریندرمودی کی سالگرہ کے موقع پر بڑے پیمانے پرسیواپروگراموں کا اہتمام کریں۔

☆☆☆

راما گنڈم کے پولیس کمشنرایم سرینواس نے پداپلی زون کی حدود میں واقع دوٹاؤن پولیس اسٹیشنوں کےتحت گوداوری کھنی میں پولیس آؤٹ پوسٹ کنٹرول روم کا افتتاح کیا۔انہوں نے کہا کہ اِس مقام پرسی سی ٹی وی کیمرے بھی لگائے گئے ہیں۔ان کے مطابق پولیس کی مشنری، گوداوری ندی میں کسی بھی طرح کے حادثہ کوروکنے کے لئے پوری طرح چوکس رہے گی۔

☆☆☆

سابق ریاستی وزیروبی آرایس لیڈرڈاکٹر جناردھن ریڈی نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سے مطالبہ کیا ہے کہ پالمورو، رنگاریڈی لفٹ آبپاشی کے کاموں کوفوری شروع کیا جائے اورضلع کیلئے اپنے جذبہ کوثابت کردکھائیں۔ناگرکرنول ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر پرپریس کانفرنس میں انہوں نے کہا کہ کومیرا کے مقام پر پمپ ہاؤس کے زیرآب کا سبب حکومت کی لاپرواہی ہے۔

☆☆☆

وزیرپونم پربھاکر نے کہا ہے کہ کل حیدرآباد میں گنیش وسرجن کے لئے تمام انتظامات کرلئے گئے ہیں۔انہوں نے آج خیریت آباد میں واقع گنیش منڈپ میں پوجا کی اورانتظامات کا جائزہ لیا۔بعدازاں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جی ایچ ایم سی حدود میں 300 کرینوں کورکھا گیا ہے، جبکہ وسرجن کے لئے ٹینک بنڈ پر 135 ٹرینیں رکھی گئی ہیں۔خیریت آباد گنیش شوبھایاترا کل صبح شروع ہوگی اوردوپہر تک وسرجن کا عمل پورا کرلیا جائے گا۔70 فٹ طویل خیریت آباد گنیش کے وسرجن کے لئے 75 فٹ طویل ایک عصری گاڑی استعمال کی جائے گی، جس کے 26 پہئے ہوں گےاور جو 100 ٹن وزن لادسکتی ہے۔بالاپور گنیش لڈو کا ہراج کل صبح 9:30 بجے ہوگا۔سٹی پولیس کمشنرسی وی آنند نے کہا کہ کل صبح 6 بجے سے پرسوں صبح 8 بجے تک ٹریفک تحدیدات رہیں گی۔مختلف مقامات سے آنے والی خانگی بسیں اورہیوی وہیکلس کواوآرآر سے شہر میں داخل ہونے کی اجازت نہیں رہے گی۔کمشنر نے کہا کہ وسرجن کے عمل کو پرامن بنانے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔جیسا کہ ڈھائی ہزار پولیس ملازمین ڈیوٹی پرہوں گے۔حیدرآباد میٹرو نے کل رات دوبجے تک ٹرینیں چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔آخری میٹروٹرین رات ایک بجے روانہ ہوگی اوردوبجے اپنی منزل پر پہنچے گی۔

☆☆☆

بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع پولیس کی جانب سے چیرلہ منڈل کے مختلف مواضعات میں شدت سے تلاشی کی کارروائی کی گئی۔چھتیس گڑھ سے آدی واسیوں کی ایک بڑی تعداد چیرلہ سے ہوتے ہوئے ضلع کوتہ گوڑم میں داخل ہورہی ہے۔ پولیس نے کہا کہ تلاشی کارروائی کئے جانے کا مقصد یہ ہے کہ اِس بات کا شبہ ہے کہ ماؤنوازاور جنگجو گرویوں کے ارکان بھی ان آدی واسیو کے ساتھ آسکتے ہیں۔

☆☆☆

کابینی سب کمیٹی نے نئے راشت کارڈس کے لئے آئندہ ماہ اکتوبر سے درخواستیں وصول کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔وزیراتم کمار ریڈی کی زیرصدارت کابینی سب کمیٹی نے آج منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران راشن کارڈس کی اجرائی کے معاملہ پرغوروخوص کیا۔اتم کمار نے کہا کہ اس سلسلہ میں ایک اور میٹنگ میں مختلف باتوں کوقطعیت دی جائے گی۔ان کے مطابق وہ دیگر ریاستوں میں راشن کی تقسیم کا جائزہ لیں گےاوراس بات کو یقینی بنائیں گے کہ عوام کوفائدہ پہنچ سکے۔اس میٹنگ میں وزیر سرینواس ریڈی اورسیول سپلائز کے کمشنر چوہان نے بھی شرکت کی۔

☆☆☆

انٹرنیشنل انسٹیٹیوٹ آف انفارمیشن تکنالوجی حیدرآباد( آئی آئی ٹی ایچ ) نے نیشنل اکیڈیمی آف میڈیکل سائنسس اورآئی ہب ڈاٹا کے اشتراک سے پیرکو بارہ ہفتوں پرمشتمل ایک آن لائن کورس شروع کیا ہے۔اس کروس کا نام اے آئی برائے میڈیکل پروفیشنلس ہے۔

☆☆☆

آنحضرت صلی اللہ علیہ وصلعم کی یوم پیدائش کے موقع پرآج مسلمان میلا دالنبیؐ منارہے ہیں۔اس موقع پرمختلف مقامات پرخون کا عطیہ کیمپس، پھلوں کی تقسیم، کپڑوں کا عطیہ، مذہبی اجتماعات اور دیگر پروگراموں کا اہتمام کیا گیا۔شہر حیدرآباد میں 24 مقامات پر بلڈ ڈونیشن کیمپس منعقد کئے گئے۔مساجد میں عوامی اجتماعات منعقد کئے جارہے ہیں۔ پرانا شہر حیدرآباد میں مساجداور سڑکوں کو برقی قمقموں سے سجایا گیا ہے۔کل مکہ مسجد سے نکالا جانے والا جلوس میلا دالنبیؐ، گنیش جلوس کے پیش نظر جمعرات تک کے لئے ملتوی کردیا گیا ہے۔اسی دوران ونپرتی میں ایم ایل اے میگھا ریڈی،محمدیہ مسجد میں میلا دالنبیؐ کے جلسہ میں شرکت کی اورمسلمانوں کومبارکباد پیش کی۔

☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج ریاستی سکریٹریٹ کے احاطہ میں آنجہانی وزیراعظم راجیو گاندھی کے مجسمہ کی نقاب کشائی انجام دی۔اس موقع پر پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ، کانگریس امورانچارج دیپاداس منشی،وزرا،کانگریسی لیجسلیچراور دیگر پارٹی لیڈربھی موجود تھے۔